کودنڈا رام، عامر علی خان نے ایم ایل سی ارکان کی حیثیت سے حلف لے لیا

حیدرآباد۔16/اگست (سفیر نیوز) ماہر تعلیم پروفیسر کودنڈا رام اور جرنلسٹ عامر علی خان نے جمعہ کے روز یہاں تلنگانہ قانون ساز کونسل کے ارکان کا حلف لیا۔ صدر نشین کونسل جی سکھدیر ریڈی نے اپنے چیمبر میں ان دو ارکان کو حلف دلایا۔ اس موقع پر وزیر ریونیو پونگولیٹی سرینواس ریڈی اور وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر اور کانگریس کے کئی قائدین موجود تھے۔ حلف لینے کے بعد ایم ایل سی پروفیسر کودنڈا رام نے انہیں کونسل کا رکن نامزد کرنے پر چیف منسٹر اے ریونت ریڈی سے اظہار تشکر کیا۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے پروفیسر کودانڈا رام نے کہا کہ وہ، ان تمام افراد کے توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور سعی کریں گے۔ جنہوں نے علیحدہ تلنگانہ تحریک میں حصہ لیا تھا اور علیحدہ تلنگانہ کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا تھا۔ کئی افراد کی قربانیوں سے آج انہیں یہ مقام ملا ہے۔ کودنڈا رام، تلنگانہ جنا سمیتی کے سربراہ ہیں۔ ان کی جماعت نے گزشتہ سال نومبر میں منعقدہ اسمبلی انتخابات میں کانگریس کی تائید وحمایت کی تھی جبکہ عامر علی خان ایک موقر اردو روزنامہ سیاست کے نیوز ایڈیٹر ہیں۔ کودنڈا رام عثمانیہ یونیورسٹی کے شعبہ پولیٹیکل سائنس کے پروفیسر رہ چکے ہیں۔ انہوں نے کنوینر جے اے سی کی حیثیت سے علیحدہ تلنگانہ تحریک میں اہم رول ادا کیا تھا۔ اس جے اے سی میں بی آر ایس بھی شامل تھی۔ تاہم تشکیل تلنگانہ کے بعد پروفیسر کودنڈا رام اور ٹی آر ایس لیڈر کے چندر شیکھر را کے درمیان اختلافات بڑھتے گئے۔ عامر علی خان، روزنامہ سیاست کے چیف ایڈیٹر زائد علی خان کے فرزند ہیں۔ زاہد علی خان سابق میں تلگودیشم پارٹی کے حلیف رہ چکے ہیں اور انہوں نے 2009 میں حلقہ لوک سبھا حیدرآباد سے الیکشن بھی لڑا تھا۔ ریاستی حکومت نے پروفیسر کودنڈا رام اور عامر علی خان دونوں کو گورنر کوٹہ کے تحت کونسل کے رکن کے طور پر نامزد کیا ہے۔ قبل ازیں حکومت نے اس ماہ کے اوائل میں ریاستی گورنر کو ان دونوں کے نام بطور ایم ایل سی دوبارہ راج بھون روانہ کیا تھا جس کے بعد ان دونوں کو کونسل کا ارکان بتایا گیا۔ کانگریس حکومت نے جنوری میں کودنڈا رام اور عامر علی خان کو بطور ایم ایل سیز نامزد کیا تھا مگر تلنگانہ ہائی کورٹ نے مارچ میں بی آر ایس قائدین داسو جو شراون اور کے ستیہ نارائن کی عرضی پر ان دونوں کی نامزدگی کو کالعدم قرار دیا تھا۔ بی آر ایس کے ان دو قائدین کو سابق بی آر ایس حکومت نے ایم ایل سیز کے طور پر نامزد کیا تھا مگر اس وقت کی گورنر ڈاکٹر تمیلا سائی سوندرا راجن نے ان دونوں کی نامزدگی کو مسترد کردیات ھا اور یہ جواز پیش کیا تھا۔ ان دونوں کا سیاست سے راست تعلق ہے۔ ہائی کورٹ نے شراون اور کے ستیہ نارائنہ کی نازمزدگی کی سفارش کو مسترد کرنے کے گورنر کے فیصلہ کو غلط ٹھہرایا تھا۔ ریاستی کابینہ کے اجلاس میں جو یکم اگست کو منعقد ہوا تھا۔ حکومت نے گورنر کے کوٹہ کے تحت پروفیسر کودنڈا رام اور عامر علی خان کو دوبارہ ایم ایل سیز نامزد کرنے کا فیصلہ کیا۔ ان دونوں کی بطور ایم ایل سیز حلف برداری کی راہ اس وقت ہموار ہوگئی جبکہ سپریم کورٹ نے 14/اگست کو تلنگانہ ہائی کورٹ کے فیصلہ پر عمل آوری پر روک لگا دی۔ ہائی کورٹ نے بی آر ایس کے دو قائدین شراون اور ستیہ نارائنہ کی نامزدگی کو مسترد کرنے سے متعلق اس وقت کی گورنر ڈاکٹر تمیلی سائی سوندرا راجن کے فیصلہ کو کالعدم قرار دیا تھا۔ جس کے بعد بی آر ایس قائدین نے گورنر سے گزارش کی تھی کہ انہیں ایم ایل سی نامزد کریں۔ مگر تب تک ریاست میں حکومت تبدیل ہوگئی اور کانگریس برسراقتدار آ گئی۔ گورنر نے بی آر ایس قائدین کی گزارش کو مسترد کردیا۔ شراون اور کے ستیہ نارائنہ نے گورنر کے انکار کو سپریم کورٹ میں چالنج کیا۔ چونکہ ہائی کورٹ نے دونوں کو کونسل کیلئے نامزد کرنے کیلئے گورنر کو کوئی حکم نہیں دیا ہے۔ اس لئے وہ عدالت عظمی سے درخواست کرتے ہیں کہ گورنر کو اس سلسلہ میں راست حکم صادر کریں۔ مگر سپریم کورٹ نے ایسا حکم جاری کرنے سے انکار کردیا۔ مگر سپریم کورٹ نے کہا کہ دونشستوں پر تقررات، عدالت کے فیصلہ کے تابع رہیں گے۔

چوتھا شہر قائم کرنے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کا وژن حیرت انگیز

(بقیہ صفحہ اوّل) صنعت کار سرینواس راجو کو وائس چیئر مین مقرر کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے انہیں حیدرآباد کے تمام فوائد بشمول بین الاقوامی ہوائی اڈہ، آٹر رنگ روڈ علاقائی رنگ روڈ کے بارے میں بھی بتایا۔ ریونت ریڈی نے فاکسکس کو کمپنی کے قیام کے لیے چوتھے شہر میں مکمل تعاون کا یقین دلایا جس میں ضروری اجازت نامے اور مراعات شامل ہیں۔ چیف منسٹر نے فاکسکن کو چوتھے شہر میں سرمایہ کاری کرنے کی دعوت دی۔ ریاستی آئی ٹی اور صنعت کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے لیو کو حکومت کی صنعت نواز پالیسیوں، مراعات اور بین الاقوامی تعاون کے بارے میں بتایا جس کا مقصد صنعتی ترقی کو فرغ دینا ہے۔ سریدھر بابو نے چیرمین یانگ لیو کو چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں حکومت کی طرف سے صنعتی ترقی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات، فراہم کردہ مراعات اور چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں ان کی ٹیم کے حالیہ دورہ امریکہ اور جنوبی کوریا کے دوران کئے گئے مذاکرات اور معاہدوں کے بارے میں بھی بتایا۔ یانگ لیو نے ریونت ریڈی کی دور اندیشی کی تعریف کی اور کہا کہ فاکسکن حیدرآباد میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے کے لیے بے چین ہے۔ انہوں نے چیف کیمپس آپریشنز آفیسر کیتھی یانگ اور ہندوستان میں کمپنی کے نمائندے وی لی کی قیادت میں ایک ٹیم کے ابتدائی دورے کے منصوبوں کا اعلان کیا، جس کا فالواپ دورہ خود لیو نے کیا تھا۔ فاکسکن کے چیئر مین یانگ لیو نے کہا کہ وہ اس سے بہت متاثر ہوئے ہیں کہ فورتھ سٹی کے ڈیزائن میں چیف منسٹر کا ویژن اور صنعتی حامی پالیسیاں کو شامل رکھا جا رہا ہے۔ یانگ لیو نے کہا کہ وہ جلد از جلد حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ میٹنگ میں تلنگانہ حکومت اور فاکسکن کے کئی اعلی عہدیداروں موجود تھے جو حیدرآباد کی صنعتی ترقی کے لیے ممکنہ طور پر اہم شراکت داری کے آغاز کی طرف اشارہ ہے۔ ریاستی حکومت کے پرنسپل سکریٹری (آئی ٹی، الیکٹرانکس اور کمیونیکیشنز (جیش رنجن، اسپیشل سکریٹری، سرمایہ کاری کے فروغ و بیرونی مشغولیت، ڈاکٹر وشنو وردھن ریڈی، چیف منسٹر کے اسپیشل سکریٹری اجیت ریڈی، الیکٹرانکس، سیمی کنڈکٹرز اور انرجی سٹوریج کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ایس کے شرما میٹنگ میں موجود تھے۔

حیدرآباد میں زبردست بارش۔ ریڈ الرٹ جاری

حیدرآباد۔16/اگست (سفیر نیوز) تلنگانہ کے موسمیاتی مرکز نے اگلے 24 گھنٹوں میں عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، منچیریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، پدا پلی، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال اضلاع میں الگ الگ مقامات پر بھاری بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے جمعہ کو یہ اطلاع دی۔ محکمہ موسمیات نے یہاں روزانہ کی رپورٹ میں کہا کہ ہفتہ کے روز ریاست کے وقار آباد، سنگاریڈی، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، گدوال اضلاع میں بھی موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ نے کہا کہ اگلے 48 گھنٹوں کے دوران 17 سے 19 اگست تک ریاست کے تمام اضلاع میں الگ الگ مقامات پر اور کچھ اضلاع میں الگ الگ مقامات پر 40-30 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار کے ساتھ گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ اگلے سات دنوں میں تلنگانہ میں کئی مقامات پر یا چند مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ریاست میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حیدرآباد، رنگاریڈی اور ناگرکرنول اضلاع میں الگ الگ مقامات پر بھاری بارش ہوئی، جبکہ اسی مدت کے دوران ریاست میں چند مقامات پر ہلکی بارش ہوئی۔

ج 2025 کے لئے عازمین حج کی پیر سے حج ہاؤز میں آن لائن درخواستیں داخل کرنی کی سہولت

سید غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدر نشین حج کمیٹی افتتاح کرینگے

حیدرآباد۔16/اگست (پریس نوٹ) حج 2025 کیلئے عازمین حج کی پیر 19 اگست سے حج ہاؤز نامپلی میں آن لائن درخواستیں داخل کرنیکی سہولت رہیگی۔ جناب سید غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدر نشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی پیر حج ہاؤز نامپلی میں آن لائن درخواستوں کا بٹن دبا کر افتتاح کرینگے۔ عازمین حج کیلئے 2025 کے عازمین حج کا آن لائن درخواستیں 13 اگست سے آغاز ہوچکا ہے۔ عازمین حج اپنی درخواستیں آن لائن بھی کرسکتے ہیں۔ حج سویدھا فون ایپلیکیشن کے ذریعہ اسکا عمل شروع ہوچکا ہے۔ درخواست گزاروں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ساتھ حسب ذیل دستاویزات رکھیں۔ 1- آدھار کارڈ کی زیراکس 2- پاسپورٹ کی زیراکس کاپی 3- بینک پاس بک زیراکس 4- ایک عدد پاسپورٹ سائز کی تصویر شامل ہیں۔ درخواستیں داخل کرنے والے درخواست گزاروں کیلئے ضروری ہیکہ وہ اپنا پاسپورٹ جسکی معیاد مدّت 15 جنوری 2026 ہو۔ پاسپورٹ مشن سے پڑھا جانیوالا ہو۔ تربیتی اجتماعات وحج سے متعلق مزید اہم تفصیلات کیلئے تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کیلئے تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے ٹیلی گرام چینل میں شامل ہوجائیں تاکہ حج کے متعلق اطلاعات جلد سے جلد حاصل ہو۔ حج سے متعلق تفصیلات کیلئے فون نمبر 040-23298793 پر اوقات دفتر صبح 10:30 تا 5 بجے شام میں ربط پیدا کریں۔

اب لوگ کانگریس کے دور کو یاد کررہے ہیں

نئی دہلی، 16 اگست (ایجنسی) دہلی کانگریس کے ریاستی صدر دیویندر یادو نے جمعہ کو صحافیوں سے بات کرتے ہوئے عام آدمی پارٹی پر سخت نشانہ لگایا۔ انہوں نے کہا کہ عاپ 15 سال سے دہلی میں برسراقتدار ہے، لیکن آج تک اس نے عوام کے مفادات پر کوئی خاص توجہ نہیں دی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ دہلی کے لوگ اب عام آدمی پارٹی کے کام کرنے کے انداز سے تنگ آ چکے ہیں۔ انہیں دہلی کے لوگوں کے مفادات سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ کانگریس لیڈر دیویندر یادو نے کہا کہ میں آپ کو ایک سچ بتاتا ہوں کہ دہلی کے لوگ اب کانگریس کے 15 سال کے کام کرنے کے انداز کو یاد کر رہے ہیں۔ لوگ ہماری حکومت کو یاد کر رہے ہیں کہ ہم نے ان کے مفاد میں کیسے اقدامات کیے تھے۔ ان کے مفاد میں بہت سے فیصلے کیے گئے۔ ہماری پارٹی نے اقتدار میں رہتے ہوئے ہمہ گیر ترقی کی ہوائیں چلائی تھیں لیکن آج تک عام آدمی پارٹی نے دہلی کے عوام کے مفادات پر حملہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ آج دہلی کے لوگ عام آدمی پارٹی کے نظام کار سے بیزار ہیں اور کانگریس کے دور کو یاد کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی ڈپٹی سی ایم منیش سسودیا کی ضمانت پر ردعمل دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے دکھ ہے کہ منیش سسودیا کو 17 ماہ تک جیل میں رکھا گیا۔

نڈا کے گھر پر این ڈی اے قائدین کی میٹنگ

نئی دہلی، 16 اگست (ایجنسی) وزیر اعظم نریندر مودی کی تجویز پر این ڈی اے اتحاد میں شامل اتحادی جماعتوں کے درمیان بہتر تال میل، تال میل اور وقفے وقفے سے ملاقاتوں کی مشقیں اعلی سطح پر شروع ہوگئی ہیں۔ بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے خود این ڈی اے میں اتحادیوں کے رہنماؤں کو جمعہ کو اپنی رہائش گاہ پر چائے پر مدعو کیا۔ ذرائع کے مطابق جے پی نڈا کی رہائش گاہ پر منعقدہ این ڈی اے قائدین کی میٹنگ میں تمام پارٹیوں کے درمیان تال میل اور تال میل کو بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ اہم مسائل پر این ڈی اے قائدین ایک آواز میں بولتے نظر آئیں۔ اجلاس میں عوام سے متعلق ترقیاتی اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر ایک آواز میں بات کرنے پر بھی بات ہوئی۔ اس کے ساتھ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اس نوعیت کی میٹنگ وقفے وقفے سے منعقد کی جائے۔ ذرائع کے مطابق اب ایسی میٹنگ ہر ماہ کم از کم ایک بار ہوگی۔ بی جے پی صدر جے پی نڈا کی صدارت میں ہونے والی اس میٹنگ میں مرکزی وزراء بھوپیندر یادو، کرن رجیجو اور ایل۔ مروگن اور پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری ارون سنگھ اور دیگر کئی رہنما موجود تھے۔ حلیفوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے، میٹنگ میں ٹی ڈی پی سے رام موہن نائیڈو اور پیمسانی چندر شیکھر، جے ڈی یو سے سنجے جھا، لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) سے چراغ پاسوان، ہندوستانی عوام مورچہ (ایچ اے ایم) سے جیتن رام مانجھی، جے ڈی ایس کے ایچ ڈی کمارسوامی، جے ڈی ایس کے رہنما شامل تھے۔ اپنا دل (ایس) سے انوپریہ پٹیل اور آر ایل ڈی کے جینت چودھری سمیت کئی دیگر حلیفوں نے بھی شرکت کی۔

بنگلہ دیش میں ہندوؤں پر حملوں کیخلاف

ناری شکتی فورم کا مظاہرہ

نئی دہلی، 16 اگست (ایجنسی) بنگلہ دیش میں ہندوؤں پر حملوں کے خلاف پوری ہندو برادری میں غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ ان حملوں کے خلاف خواتین نے جمعہ کو یہاں منڈی ہاؤس علاقے میں ناری شکتی فورم کے بینر تلے مظاہرہ کیا، اس احتجاج میں حصہ لینے والی ایک خاتون نے کہا، ''ہندو ایک ایسی طاقت ہے، جس کی حفاظت ہمیں کرنی ہے۔ بنگلہ دیش میں جس طرح ہندوؤں پر حملے بڑھ رہے ہیں وہ قابل مذمت ہے۔ ہندوؤں کی اقدار کا تحفظ ہم سب کا بنیادی فرض ہے، جسے ہم سب ادا کر رہے ہیں۔ دنیا کے کسی بھی کونے میں جہاں بھی ہندوؤں پر حملے بڑھیں، ہم سب کو متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم ایسا نہیں کرتے ہیں تو دوسری جگہوں پر ہمارے ہندو بھائیوں کو غلط پیغام جائے گا۔'' بنگلہ دیش میں اس وقت کی وزیر اعظم شیخ حسینہ کے 5 اگست کو استعفیٰ دینے اور ملک چھوڑنے کے بعد ہندوؤں پر بڑے پیمانے پر حملے ہوئے۔ ان حملوں میں بہت سے لوگ اپنی جانیں گنوا چکے ہیں اور بنگلہ دیش کی نئی تشکیل شدہ حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ جب محمد یونس نے اپنا عہدہ سنبھالا تو وزیر اعظم نریندر مودی نے انہیں مبارک باد دی اور ان کی توجہ بھی مبذول کرائی۔ انہوں نے بنگلہ دیش میں ہندوؤں پر ہونے والے حملوں کے حوالے سے ان سے اپیل کی کہ وہ وہاں کی ہندو برادری کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

جھارکھنڈ کے میڈیکل کالجوں میں احتجاج

رانچی، 16 اگست (ایجنسی) جھارکھنڈ کے میڈیکل کالجوں میں ڈاکٹروں کے احتجاج سے صحت خدمات بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔ ریاست کے سب سے بڑے اسپتال رانچی کے رمز میں جونیئر ڈاکٹروں کی ہڑتال جمعہ کو چوتھے دن بھی جاری رہی۔ وہیں، شیخ بھیکھاری میڈیکل کالج ہسپتال، ہزاری باغ میں تمام ڈاکٹروں نے کام کا بائیکاٹ کیا اور ڈاکٹر پر حملہ کے خلاف احتجاج کیا۔ جمشید پور کے ایم جی ایم کالج اسپتال کے جونیئر ڈاکٹروں نے بھی جمعہ سے ڈیوٹی کا بائیکاٹ کیا۔ ہزاری باغ کے شیخ بھیکھاری میڈیکل کالج میں ہنگامہ آرائی کے درمیان، مریض کی موت پر مشتعل لوگوں نے ڈاکٹر کی پٹائی کی۔ اس کے بعد تمام ڈاکٹر نعرے لگاتے ہوئے کالج گیٹ کے قریب آ گئے اور ڈیوٹی کا بائیکاٹ کیا۔ نئے مریضوں کی بھرتی بھی روک دی گئی ہے۔

جنوبی بنگلورو میں انوکھا احتجاج

لوگوں نے شہر کے گڑھوں کی خصوصی پوجا کی

نئی دہلی، 16 اگست (ایجنسی) جنوبی بنگلورو، کرناٹک کے لوگوں نے جمعہ کو سڑکوں کی خستہ حالی پر ایک انوکھا احتجاج کیا، ورمہالکشمی تہوار کے موقع پر، جنوبی بنگلورو کے شہریوں نے شہر کے گڑھوں کی خصوصی پوجا کر کے اپنے احتجاج کا اظہار کیا۔ جے نگر اور آس پاس کے علاقوں کے مکین جو طویل عرصے سے کارروائی کا مطالبہ کر رہے تھے، حکام کی لاپرواہی کو اجاگر کرنے کے لیے اس علامتی احتجاج کا سہارا لیا۔ جے نگر کے فورتھ ٹی بلاک میں ایم پی تیجسوی سوریا کے دفتر کے قریب ایک گڑھے کو پھولوں سے سجایا گیا اور پوجا کی گئی۔ اس کا مقصد شہر کے خستہ حال انفراسٹرکچر کی طرف توجہ مبذول کرانا تھا۔ گرہان ایپ کے ذریعے بار بار شکایات کے باوجود حکام مسئلہ حل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ حکام کی بے حسی سے مایوس لوگ ایسا قدم اٹھانے پر مجبور ہو گئے۔ ریاستی ریونیو منسٹر کرشنا بائرے گوڑا نے سوشل میڈیا کے ذریعے بی بی ایم پی اور بی ایم آر سی ایل سے ویرانا پالیا سے ہیبل تک آؤٹر رنگ روڈ پر گڑھوں کو ٹھیک کرنے اور سروس روڈ کی مرمت کرنے کی درخواست کی۔ اپوزیشن لیڈر آر اشوک نے وزیر ریونیو کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

حضرت علامہ الحاج حافظ سید شاہ عبدالصمد حسینی رضوی قادری شرفی کا انتقال

حیدرآباد۔16/اگست (سفیر نیوز) یہ خبر انتہائی دکھ اور افسوس کیساتھ پڑھی اور سنی جائے گی کہ شرفی سلسلہ کے عظیم چشم و چراغ و

سابق استاذ جامعہ نظامیہ حضرت علامہ مولانا حافظ الحاج سید عبدالصمد حسینی رضوی قادری شرفی ابن حضرت مولانا حکیم سید شاہ غوث محی الدین حسینی رضوی قادری شرفی کا 16/اگست بروز جمعہ بعد نماز عصر مختصر سی علالت کے باعث بہ عمر 62/سال وویکانندا ہاسپٹل سی ایم آفس حیدرآباد دکن سانح ارتحال ہوگیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک صاحبزادہ موجود ہیں - حضرت ممدوح زائد از تین دہوں سے استاذ جامعہ نظامیہ کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں۔ نماز جنازہ وتدفین 17/اگست بروز ہفتہ 10/بجے دن احاط شرفی چمن سبزی منڈی میں مقرر ہے۔ جبکہ تدفین بھی والد ماجد کے پہلو ہی میں ہوگی۔ مزید تفصیلات کے لئے جنب ذیل فون نمبرات 9866375786 یا 9133585692 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

مولانا محمد محسن پاشاہ انصاری قادری نقشبندی مجددی مولوی کامل الحدیث جامعہ نظامیہ وجنرل سیکریٹری کل ہندسنی ہندسنی بورڈ نے حضرت مولانا حافظ سید عبدالصمد حسینی رضوی قادری شرفی کی علمی وروحانی میدان کی خاموش اور ٹھوس خدمات کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے درجات میں بلندگی اور پسماندگان تلامیذ، مریدین و معتقدین اور وابستگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

کے سی آر صحت مند، سوشل میڈیا پر جھوٹی خبر پھیلانے بی آر ایس کا الزام

حیدرآباد۔16/اگست (سفیر نیوز) بی آر ایس نے پارٹی صدر اور سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر را کے گزشتہ 12 دنوں سے شدید بیمار ہونے کے بارے میں سوشل میڈیا پر پھیلائی جارہی جھوٹی خبروں کی تردید کی ہے۔ واضح رہے کہ حالیہ عرصہ کے دوران سوشل میڈیا میں یہ بھی دعوی کیا گیا ہے کہ وہ ایک کارپوریٹ اسپتال کے ڈاکٹروں کی ٹیم کی نگرانی میں ایراویلی میں اپنی رہائش گاہ پر زیر علاج ہیں تاہم اس پیغام میں متصادم بات یہ ہے کہ انہیں بیرون ملک منتقل کیا گیا ہے، تاکہ ایم ایل اے اور دیگر لیڈروں میں خوف وہراس نہ پھیل جائے۔ بی آر ایس ذرائع نے واضح کیا کہ سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر را کی صحت ٹھیک ہے اور وہ پارٹی کے سینئر قائدین سے باقاعدگی سے ملاقات کررہے ہیں۔ انہوں نے افواہوں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے لوگوں کو گمراہ کرنے اور غیر ضروری خوف و ہراس پھیلانے کی دانستہ کوشش قرار دیا۔ بی آر ایس نے ان افواہوں کے پیچھے حکمراں کانگریس کا ہاتھ ہونے کا شبہ ظاہر کیا کیونکہ یہ رپورٹس پہلی بار تلنگانہ کانگریس سے وابستہ ایک واٹس ایپ چینل پر دیکھی گئی تھیں۔

پورا ملک بی جے پی کی پالیسیوں کے خلاف ہے، ڈمپل یادو

مین پوری، 16 اگست (ایجنسی) یوپی کی مین پوری سیٹ پر ہونے والے ضمنی انتخاب کو لے کر ایس پی ایم پی ڈمپل یادو نے کہا ہے کہ پچھلی بار بھی لوگ 80 میں سے 80 سیٹیں جیتنے کی بات کر رہے تھے، لیکن جب نتائج آئے تو دیکھا کہ پورے ملک کے لوگ اور ریاست بی جے پی کی پالیسیوں کے خلاف ہیں۔ ضمنی انتخاب میں اکھلیش یادو کی طرف سے یادو اور مسلم کو پوسٹ کرنے کے سوال پر ڈمپل یادو نے کہا کہ 2017 سے بی جے پی انتخابات جیتنے کے لیے مسلسل حکمرانی اور انتظامیہ کا استعمال کر رہی ہے۔ ہم بی جے پی کے چکر کو سمجھ چکے ہیں اور سماج وادی پارٹی اسے بھیدنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

گرفتار روڈی شیٹر وقتل کا ملزم پولیس کو چکمہ دیکر فرار

بھینسہ۔16/اگست (سفیر نیوز) بھینسہ پولیس کی تحویل سے ایک روڈی شیٹر اور قتل کا ملزم فرار ہوگیا۔ ملزم کا نام زبیر بتایا جاتا ہے جسے بھینسہ اے ایس پی اویناش کمار نے آج ایک پریس کانفرنس میں میڈیا کے روبرو بھی پیش کیا تھا۔ تاہم پریس کانفرنس کے صرف نصف گھنٹے بعد ہی زبیر پولیس کو چکمہ دے کر فرار گیا جس کے بعد بڑے پیمانے پر تلاشی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے۔ تفصیلات کے بموجب بھینسہ اے ایس پی اویناش کمار نے آج ایک ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسلحہ ایکٹ کے تحت گرفتار شدہ ایک ملزم جو سابقہ میں روڈی شیٹر اور پی ڈی ایکٹ کے علاوہ ایک قتل کے مقدمہ میں جیل جاکر ضمانت پر رہا تھا۔ اس کو اسلحہ رکھنے کے ضمن میں گرفتار کرلیا تھا جس کے قبضہ سے ایک تلوار اور چاقو برآمد کرلیا گیا تھا اس ضمن میں آج پریس کانفرنس میں اس ملزم کو میڈیا کے روبرو پیش کرتے ہوئے ملزم کی تمام تفصیلات سے واقف کروایا تھا۔ اس پریس کانفرنس میں سرکل انسپکٹر راجہ ریڈی، سب انسپکٹر محمد شریف، محمد غوث کے علاہ دیگر موجود تھے۔ اے ایس پی نے بتایا کہ عبدالزبیر ولد عبدالتین 27 سالہ جو محمدیہ نگر نئی آبادی بھینسہ کا رہنے والا ہے۔ کل شام اولڈ چیک پوسٹ پر سب انسپکٹر محمد شریف و دیگر پولیس کانسٹیبل موٹر گاڑیوں کے تلاشی کے دوران مشتبہ حرکت میں پایا گیا اور پولیس کو دیکھتے ہی فرار ہونے کی کوشش کررہا تھا لیکن پولیس نے تعاقب کرتے ہوئے اس کو گرفتار کرلیا تھا۔ جس کی تلاشی لی گئی تو اس کے پاس ایک چاقو برآمد ہوا۔ اور مزید اس سے پوچھ تاچھ کی گئی تو اس کے مکان پر ایک تلوار برآمد ہوئی ہے جس کو پولیس نے اپنے قبضہ میں لے لیا۔ اور آج پریس کانفرنس میں ملزم زبیر کو میڈیا کے سامنے پیش کرتے ہوئے اسلحہ بھی پیش کیا گیا۔ اور بتایا کہ زبیر نے 09/مارچ/2024 کو سید سہیل نامی نوجوان کا قتل کیا تھا جس کو گرفتار کرتے ہوئے عدالتی تحویل میں منتقل کردیا گیا اور حال ہی میں یہ ضمانت پر باہر آیا ہوا تھا۔ جبکہ اس سے قبل میں یہ پانچ مقدمات میں ملوث ہے جس میں قتل، اقدام قتل کے علاوہ دیگر جرائم بھی شامل ہیں اور سابقہ میں میں اس میں پی ڈی ایکٹ بھی 2021/عائد کرتے ہوئے جیل منتقل کردیا گیا تھا۔ جبکہ اس خلاف کئی مقدمات جن میں کرائم نمبر 51/2024/ قتل کا مقدمہ، کرائم نمبر 24/2021/۔ کرائم نمبر 25/2021/ کرائم نمبر 33/2021/ کرائم نمبر 43/2021/ کے تحت مختلف دفعات جن میں 143,144,147,148,307,332, 353,153,(A) r/w 149 ipc/ کے علاوہ دیگر دفعات درج ہیں عدالت میں زیر روان ہے اور اس پر روڈی شیٹر میں کھولی گئی ہے۔ جبکہ ملزم کیجانب سے اسلحہ کے ساتھ تصاویر کو شوشل میڈیا پر وائرل کرتے ہوئے ڈروخوف کا ماحول پیدا کرنے کی کوشیش کررہا تھا اور یہ ضمانت پر رہا ہوا تھا اور کل اسلحہ کے ساتھ پکڑا گیا۔ اور پولیس نے اس کو آج میڈیا کے روبرو پیش کرتے ہوئے عدالتی تحویل میں منتقل کرنے کی بات کی۔ لیکن پریس کانفرنس کے آدھے گھنٹہ بعد ہی پولیس کسٹیڈی یعنی پولیس اسٹیشن سے پولیس کو چکمہ دیکر فرار ہوگیا۔ ملزم عبدالزبیر کو پریس کانفرنس کے بعد عدالتی تحویل میں لیجانے کی تیاری کی جارہی تھی۔ اور عبدالزبیر پولیس کو چکمہ دیکر تیزی کے ساتھ پولیس اسٹیشن سے فرار ہوگیا۔ جبکہ یہاں موجود پولیس عملہ نے اس کا تعاقب کرنے کی کوشش کی لیکن ناکام ہوگئے اور ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ جس کے بعد بھینسہ میں پولیس پوری طرح متحرک ہوگئی، بڑے پیمانے پر تلاشی مہم کا آغاز کردیا گیا، اور شہر کے ہر کونے کونے میں اس کو تلاش کیا جارہا ہے۔ موٹر گاڑیوں کی تلاشی لی جارہی ہے اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی جانچ کی جارہی ہے۔ ہر طرف پولیس کو بندوبست کردیا گیا۔ جبکہ خود اے ایس پی بھینسہ آویناش کمار، سرکل انسپکٹر راجہ ریڈی، سب انسپکٹر محمد شریف کے علاوہ پولیس کی اسپیشل ٹیم کے جوان پوری طرح متحرک ہوکر تلاشی میں مصروف ہیں۔

دل دہلا دینے والا واقعہ

بیٹی کی شادی کے اخراجات سے بچنے کیلئے معصوم کا قتل

حیدرآباد۔16/اگست (سفیر نیوز) تلنگانہ کے ضلع میدک میں دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا جہاں باپ نے 9 سالہ بیٹی کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ملزم کی شناخت سوندریا کے نام سے ہوئی جس نے اپنی بیٹی کو کولڈرنگ میں زہر ملا کر پلایا جس سے معصوم کی طبیعت بگڑ گئی۔ لڑکی کو علاج کیلئے حیدرآباد کے نیلوفر اسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکی۔ بچی کی والدہ نے پولیس میں شکایت درج کروائی جسکے بعد واقعہ منظر عام پر آیا۔ دراصل سوندریا کام نہ ملنے کی وجہ سے مالی تنگ دستی کا شکار رہا اور اسے بچوں کی کفالت میں بھی مشکل درپیش رہی۔ اسی سلسلے میں ملزم کو بیٹی کی مستقبل میں شادی کے اخراجات اور جہیز کی فکر تھی۔ زائد از 2 ماہ بعد اس واقعہ کا انکشاف اس وقت ہوا جب لڑکی کی ماں نے اس سلسلہ میں پولیس سے شکایت کی۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیٹائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے، بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146 'امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780 'پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔